© rasailojaraid.com



# زباں میری ہے بات ان کی

ساغر اقبالی

☆ زرداری آگ لگاتے، گیلانی پانی ڈالتے ہیں۔ (چودھری نثار)

ایک سب آگ، ایک سب پانی　　دیدہ و دل عذاب ہیں دونوں

☆ غربت، مہنگائی، لوڈ شیڈنگ کا احساس ہے، ریلیف دیں گے۔ (وزیر اعظم گیلانی)

فی الحال تو تکلیف دیں گے۔

☆ مشرف سے مفاہمت، زہر کا پیالہ تھا۔ (خورشید شاہ)

اور یہ ''زہر کا پیالہ'' بڑے بڑے جغادری پیتے رہے۔

☆ ہمارے ایٹم بم، امن کے بم ہیں۔ (بھارتی سائنسدان)

ان سے ''آشا'' کے پھول جھڑتے ہیں۔

☆ ۸۲ فیصد عوام مشرف کے ساتھ ہیں۔ (شیر افگن)

عقل نئیں تے موجاں ای موجاں!

☆ کرپشن کی انتہا ہو گئی۔ این آر او زدگان کی بھی چھترول ہونی چاہیے۔ (عمران خان)

''لذتِ پاپوشِ جاناں حلوۂ بادام ہے''

☆ لال مسجد میں جاں بحق ہونے والے افراد کا ریکارڈ طلب۔ (ایک خبر)

جو چپ رہے گی زبانِ خنجر، لہو پکارے گا آستین کا

☆ جیک آباد پولیس اہل کاروں کا سبزی فروش پر تشدد۔ موٹر سائیکل تلے روندتے رہے۔ (ایک خبر)

اک ذرا صبر کہ فریاد کے دن تھوڑے ہیں　　لیکن اب ظلم کی میعاد کے دن تھوڑے ہیں

☆ پرویز مشرف ایک لیکچر کا دو لاکھ ڈالر لیتے ہیں۔ (ڈاکٹر شیر افگن)

اور حساب کتاب ڈاکٹر صاحب رکھتے ہیں۔

☆ یکم اپریل سے بجلی ۶ فیصد مہنگی۔ بحران کے ہم ذمہ دار نہیں، قدرت ہے۔ (وفاقی حکومت)

ظالموں کی عجب منطق ہے، آسمانوں سے وبال آتے ہیں
اپنے اعمال کا سب بارِ گراں اللہ پہ ڈال آتے ہیں



© rasailojaraid.com